معرفت

جہالت اور فرقہ واریت کے خاتمے کے حل کیلئے بریلوی و دیو بندی
علماء سے بالخصوص اور ہر مسلمان سے بالعموم چند اہم

گذارشات

ملفوظاتِ طیبات پیرِ طریقت رہبرِ شریعت

فقیر محمد رضوان داؤدی دامت برکاتہم

نام کتاب ——— معرفت

تالیف ——— محمد عدیل احمد رضوانی عفی عنہ

کمپوزنگ ——— خرم امیر

اشاعت اول ——— ۲۰۰۰

بتاریخ ——— رمضان ۱۴۳۴ھ/ جولائی 2013ء

Email
zahmadpw@yahoo.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب پڑھنے سے پہلے ایک نظر

دینِ اسلام کو احسن، عام فہم، پیارے اور خوبصورت انداز میں پیش کرنے کے لئے ایسے مفتیانِ عظام، علمائے کرام، مفکرینِ اسلام، ذہین والدین اور ہر پڑھے لکھے ''**مسلمان**'' کی ضرورت ہے جو اسلام کو ایسے انداز میں پیش کرے کہ ہر ''**انسان**'' کی سمجھ میں آ کر قابلِ قبول ہو جائے۔

مسلمان کو مسلمان کے قریب کرنے والی کتاب

معرفت کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں میرے پیر و مرشد فقیر محمد رضوان داودی مدظلہ نے کچھ حقیقتیں واضح طور پر سمجھائی ہیں، فکری عروج دینے کی کوشش کی ہے اور حکمت و دانائی سے کچھ ذہنی سوالوں کے جواب دے کر اصلاح کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کتاب کا ایک ایک لفظ پڑھنے والا اور سمجھنے والا ہے۔

میرے پیر و مرشد کے چند ملفوظات

○ جس دن اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم ﷺ کی بات نہ کی جائے وہ میری موت کا دن ہے۔

○ میری زندگی کا حاصل ''**اللہ تعالیٰ فرما دے کہ جا تجھے معاف کیا**''۔

ہر بازی **اللہ تعالیٰ** سے محبت کر کے جیتی جا سکتی ہے۔

○ **میری باتیں معمولی سی ہیں** کچھ دکھ، کچھ جذبہ اور کچھ روشنی لئے ہوئے۔